


German Technical Cooperation


تربیتی ماڈیول کے استعمال کی تربیتی ورکشاپ

برائے سرکل اے ڈی او خواتین وحضرات

رہنما برائے تربیت کار

و


اے ڈی او خواتین وحضرات

اپریل 2004

نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ صوبہ سرحد ایبٹ آباد

اپریل 2004

رہنما برائے تربیت کار
و اے ڈی او خواتین وحضرات



این ڈبلیو ایف پی ایجوکیشن پروگرام تعلم کے ماحول کی بہتری

صوبائی ادارہ برائے تعلیم وتربیت اساتذہ (PITE) پشاور

حصہ اول

اے ڈی او خواتین و حضرات کی تربیت کے لئے رہنما

(برائے تربیت کار)

تربیتی ماڈیول کے استعمال میں سرکل اے ڈی او خواتین و حضرات کی تربیتی ورکشاپ

تربیت کا پروگرام

پہلا دن:

وقت	یونٹ نمبر	عنوانات	صفحہ نمبر	تربیت کار کا نام
0800 - 1000	01	• رجسٹریشن/تعارف/اغراض و مقاصد • تعلم کی بہتری اور سرکل اے ڈی او		
1000 - 1030		چائے کا وقفہ		
1030 - 1230	02	تعلیمی نگرانی اور ضروری مہارتیں		
1230 - 1430	03	پرائمری کلاس روم میں تدریسی عمل		

دوسرا دن:

وقت	یونٹ نمبر	عنوانات	صفحہ نمبر	تربیت کار کا نام
0800 - 1000	04	پرائمری کلاس روم میں متوقع تدریس (عملی کام)		
1000 - 1030		چائے کا وقفہ		
1030 - 1230	05	تعلیمی نگرانی: متبادل/معاون اقدامات		
1230 - 1430	06	تعلیمی نگرانی، پیروی کے اقدامات		

تیسرا دن:

وقت	یونٹ نمبر	عنوانات	صفحہ نمبر	تربیت کار کا نام
0800 - 1000	07	ماڈیول نمبر 1: فعال تعلم پر مبنی تدریسی سرگرمیاں تربیتی سرگرمیاں (تربیت کار)		
1000 - 1030		چائے کا وقفہ		
1030 - 1230		تربیتی سرگرمیاں (جاری)		
1230 - 1430		فعال تعلم پر مبنی تدریسی سرگرمیوں کی مشق (شرکاء تربیت)		

چوتھا دن:

تربیت کار کا نام	صفحہ نمبر	عنوانات	یونٹ نمبر	وقت
		ماڈیول نمبر 2: اعداد اور کسور کے تصورات (ریاضی) تربیتی سرگرمیاں (تربیت کار)	08	0800 - 1000
		چائے کا وقفہ		1000 - 1030
		تربیتی سرگرمیاں (جاری)		1030 - 1230
		ریاضی کے ماڈیول کی تربیتی سرگرمیوں کی مشق (شرکاء تربیت)		1230 - 1430

پانچواں دن:

تربیت کار کا نام	صفحہ نمبر	عنوانات	یونٹ نمبر	وقت
		ماڈیول نمبر 3: جاندار اور بے جان اشیاء (سائنس) تربیتی سرگرمیاں (تربیت کار)	09	0800 - 1000
		چائے کا وقفہ		1000 - 1030
		اساتذہ کی تربیت کے لئے ماڈیول کا استعمال		1030 - 1230

یونٹ نمبر:1
تعلم کی بہتری اور سرکل اے ڈی او
وقت: 2 گھنٹے

مقاصد: اس یونٹ کی سرگرمیوں کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- تعلیمی انتظامیہ کی موجودہ صورت حال میں اپنے کردار کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- اپنے کردار کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کر سکیں۔
- پرائمری کلاس روم میں تعلم کی بہتری کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو سمجھ سکیں۔
- بچوں کے تعلم کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہوسکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ تربیت کار اس یونٹ کے تعارف اور سرگرمیوں میں زیر بحث موضوعات کے لئے یونٹ کے آخر میں دی گئی پس منظر کی معلومات کا مطالعہ کر کے تیاری کریں۔

تعارف:

پرائمری سکولوں کے انتظامی اختیارات کے ضلعی سطح پر منتقل ہونے سے سرکل اے ڈی او کی ذمہ داریوں اور کام میں اضافہ ہوا ہے۔ ہم اس یونٹ میں ان ذمہ داریوں کی نوعیت اور وسعت کے بارے میں سیکھیں گے۔ تاکہ اپنے اپنے سرکل میں کام کرنے کی ہماری صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

سرکل اے ڈی او کی ذمہ داریاں

سرگرمی نمبر 1 (30 منٹ)

1 شرکاء کے مناسب گروپ بنائیں۔
2 تختہ سیاہ پر لکھیں/کارڈ چسپاں کریں "سرکل اے ڈی او کی حیثیت سے میری ذمہ داریاں کیا کیا ہیں؟"
3 گروپوں سے کہیں کہ اس پر بحث کر کے ان ذمہ داریوں کی ایک فہرست تیار کریں (10 منٹ)
4 گروپوں کی نگرانی اور رہنمائی کریں
5. گروپوں سے باری باری ان کی تیار کردہ فہرست پر رپورٹ لیں اور بحث کر کے ایک حتمی فہرست تختہ سیاہ پر تیار کریں (معاون تربیت کار)
6. بحث کو موضوع سے ہٹنے نہ دیں
7. تختہ سیاہ کی فہرست اس بکس کے مشمولات کے مطابق ہونی چاہئے۔ شرکاء نے اس میں جو ذمہ داری شامل نہ کی ہو اس پر سوال کر کے جواب لیں اور اس کا اضافہ کریں۔

- انتظام و انصرام
- نگرانی (supervision)
- اساتذہ کی کارکردگی کا جائزہ (monitoring)
- بچوں کے اکتساب کا جائزہ
- اساتذہ کی پیشہ ورانہ مدد
- اساتذہ کی تربیت

(سوال کا نمونہ: کیا آپ کے خیال میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ مدد کرنا سرکل اے ڈی او کی ذمہ داری میں شامل نہیں ہے؟ وغیرہ)
8. شرکاء سے کہیں کہ وہ اس حتمی فہرست کو اپنے پاس نوٹ کر لیں۔

ذمہ داریوں کی حدود

سرگرمی نمبر 2　　(35 منٹ)

1. شرکاء انھی گروپوں میں کام کریں گے۔
2. انھیں کہیں کہ وہ ورک شیٹ نمبر 1 پر کام کریں اور گروپ میں تفصیلی بحث کے بعد ورک شیٹ مکمل کریں (10 منٹ)
3. کام کے دوران ان کی نگرانی اور مدد کریں۔
4. معاون تربیت کار تختہ سیاہ پر ورک شیٹ کے کالم بنائے تا کہ شرکاء کے جوابات اخذ کروائے جاسکیں.
5. گروپوں سے باری باری/ایک ایک مشق/ذمہ داری پر اُن کا کام اخذ کرائیں اور تختہ سیاہ پر لکھیں (معاون تربیت کار)
6. شرکاء کے جوابات پر بحث کریں اور حتمی فہرست کی تیاری میں تکرار سے بچیں۔
7. اس فہرست کی تیاری کے دوران پچھلی سرگرمی کے نتیجے میں تیار ہونے والی ذمہ داریوں کی فہرست اپنے سامنے رکھیں۔
8. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام شرکاء نے حتمی فہرست اپنی اپنی ورک شیٹ پر لکھ لی ہے۔
9. شرکاء کی توجہ اس بات پر دلائیں کہ سرکل اے ڈی او اُسی صورت میں اپنی ذمہ داریوں سے اچھی طرح عہدہ برآ ہو سکتا ہے جب اسے ان ذمہ داریوں کی حدود سے واقفیت ہو۔ ورنہ عموماً ہم سے بہت سے کام نظر انداز ہو جاتے ہیں۔

بچوں کے تعلم کے سلسلے میں اے ڈی او کی ذمہ داریاں

سرگرمی نمبر 3　　(25 منٹ)

1. شرکاء یہ کام جوڑوں میں کریں گے۔
2. انھیں ورک شیٹ نمبر 2 پر کام کرنے کو کہیں۔ (10 منٹ)
3. نگرانی اور رہنمائی کریں
4. معاون تربیت کار تختہ سیاہ پر ورک شیٹ کے کالم تیار کرے۔
5. جوڑوں سے باری باری ایک ذمہ داری کے تقاضوں سے متعلق ان کا کام اخذ کروائیں۔
6. تمام نکات پر بحث کر کے تختہ سیاہ پر لکھیں (معاون تربیت کار) بحث کو موضوع سے باہر نہ جانے دیں۔
7. سرکل اے ڈی او کی ذمہ داریوں کے تقاضوں سے متعلق ان نکات کی تیاری کے سلسلے میں پس منظر میں دی گئی معلومات کو سامنے رکھیں۔
8. شرکاء سے کہیں کہ وہ ان نکات کو اپنے پاس نوٹ کریں۔

ورک شیٹ نمبر 1 (سرگرمی نمبر 2)

گروپوں میں درج ذیل جدول پر بحث کر کے اسے مکمل کریں۔

نمبر شمار	ہماری منصبی ذمہ داریاں	اس میں کیا کیا شامل ہوگا؟
1	انتظامی امور	
2	تعلیمی نگرانی	
3	اساتذہ کی مدد/تربیت	
4	اساتذہ کی کارکردگی کا جائزہ	
5	بچوں کے اکتساب کا جائزہ	

ورک شیٹ نمبر 2 (سرگرمی نمبر 3)

گروپوں میں درج ذیل جدول پر بحث کر کے اسے مکمل کریں۔

نمبر شمار	منصبی ذمہ داریاں	اس میں شامل امور (ورک شیٹ نمبر 1)	ہمیں ان امور کے سلسلے میں کیا کرنا ہوگا؟
1	انتظامی امور		
2	تعلیمی نگرانی		
3	اساتذہ کی مدد/تربیت		
4	جائزہ (اساتذہ/طلبہ)		

پس منظر کی معلومات (سرگرمی نمبر 2)

اے ڈی او خواتین و حضرات کے تربیت کار کے طور پر کام کرتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھئے کہ ان میں سے اکثر اپنی منصبی ذمہ داریوں کی حدود سے اول تو آگاہ نہیں ہوتے اور اگر آگاہ ہوں بھی تو ان پر عمل درآمد کے سلسلے میں انھیں کوئی تجربہ نہیں ہوتا۔ اس سرگرمی کے نتیجے میں آپ کو مختلف جوابات ملیں گے۔ آپ کو ان جوابات کی فہرست پر بحث کرکے ان ذمہ داریوں کی حدود کا ایک جامع خاکہ تیار کرنا ہے اس سلسلے میں دو نکات کا خاص خیال رکھیں۔

1. شرکاء میں سے اکثر اپنی کسی ذمہ داری کی کسی ایک شق کے بارے میں جانتے ہوں گے مگر انھیں اس کام کے بارے میں مختلف امور کا نہ علم ہوگا نہ تجربہ مثلاً آپ کو اس طرح کے جواب مل سکتے ہیں۔ سکولوں کا نظم و نسق چلانا، اساتذہ کی مشکلات حل کرنا، سکولوں کی نگرانی، تعلیم کی بہتری ۔مگر یہ سارے بہت اجمالی جوابات ہیں اور ذمہ داریوں کے مختلف شعبوں سے متعلق ہیں ۔ ان کی تفصیلات یا حدود متعین نہیں کرتے ۔
2. بعض امور کے بارے میں ان کے جوابات بالکل خاموش ہوں گے مثلاً ''تدریس کا مشاہدہ'' یا اساتذہ کی تربیت کا انتظام وغیرہ

چنانچہ اس سرگرمی کے جوابات کو منظّم اور حتمی بنانے کے لئے درج ذیل فہرست سے استفادہ کریں۔ ان کے جزوی جوابات کو مکمل کروانے اور ان کی نظر انداز کی ہوئی ذمہ داریوں کو مکمل کرنے کے لئے آپ کو موزوں سوال کرکے جوابات حاصل کرنے ہوں گے۔ جس کے لئے ذہنی طور پر آپ کو تیار رہنا ہوگا۔

ذیل کی حدود نوٹ فرمائیں۔

ذمہ داری کا شعبہ	شعبے کی حدود
1. انتظامی امور	1. مدارس کی طبیعی ضروریات 2. اساتذہ کی موجودگی/ حاضری 3. سامانِ مدرسہ کا انتظام 4. سکول کی باقاعدہ اور بامعنی کارکردگی 5. تدریسی اوقات کی تنظیم

2. تعلیمی نگرانی	1. سکول کا باقاعدہ اور بروقت معائنہ 2. اساتذہ کی تدریس کا مشاہدہ 3. طلبہ کے اکتساب کا جائزہ 4. تعلیمی مقاصد/اہداف کے حصول کی نگرانی
3. اساتذہ کی تربیت/مدد	1. دوران تدریس اساتذہ کی مشکلات کا جائزہ 2. مناسب مشورہ اور رہنمائی 3. اساتذہ کے مشترکہ پیشہ ورانہ مسائل کا تجزیہ 4. اساتذہ کی تربیت کا انتظام اور عمل درآمد
4. طلبہ کا اکتسابی جائزہ	1. مختلف مواقع پر طلبہ کے تعلم کا جائزہ 2. طلبہ کی کمزوریوں کو رفع کرنے کے لئے اقدامات 3. طلبہ کا سالانہ جائزہ وغیرہ

پس منظر کی معلومات (سرگرمی نمبر 3)

ورک شیٹ پر کیئے گئے کام کا تجزیہ کرنے کے لئے تختہ سیاہ پر درج ذیل حتمی فہرست تیار کرنا ہوگی

ذمہ داریوں کا شعبہ	سرکل اے ڈی او کو اس سلسلے میں کیا کرنا ہوگا؟
1. انتظامی امور	- انفرادی مدارس کی ضروریات سے آگاہی کے لئے ایک باقاعدہ طریق کار - اپنے زیر انتظام مدارس کو باقاعدگی سے دیکھنے کے لئے اوقات کا تعین کرنا اور اس پر عمل درآمد - اس شعبے میں شامل مختلف امور میں اول مدرسین اور اساتذہ کی رہنمائی کے لئے تیاری
2. تعلیمی نگرانی	- تعلیمی سال کے دوران ہر سکول/تمام سکولوں کے دورے کو ضروری اور یکساں وقت دینا - اساتذہ کی تدریس کے لئے دی گئی مہارتوں سے آگاہی - ان مہارتوں پر عبور - نصاب میں شامل کتب (امدادی کتب) پر عبور - تقسیم کار اور تدریس کی رفتار کا موازنہ اور پیروی
3. اساتذہ کی مدد/تربیت	- اپنے زیر نگرانی اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد کا جائزہ - ان امور کا تجزیہ/فہرست سازی جن میں انھیں مدد کی ضرورت ہے - دوران معائنہ انھیں مشورہ/رہنمائی دینے کے لئے تیار رہنا - سرکل کی سطح پر یا چند سکولوں کے بلاک بنا کر اساتذہ کی مختصر تربیت میں مہارت وغیرہ
4. طلبہ کا اکتسابی جائزہ	- نصابی کتب کے مشمولات/مہارتوں سے آگاہی - کتابوں میں شامل جائزوں پر اساتذہ کے عمل درآمد کی نگرانی اور جانچ - بچوں کو نٹ کرنے کے روایتی رویے سے گریز - کتابوں میں شامل آزمائشوں کی طرح کے سوالات سے اکتسابی جائزہ ☆ اگر سکولوں میں ایسے سوالات پر مبنی آئٹم بینک فراہم کئے گئے ہیں تو سالانہ امتحان کے وقت ان سوالات کا استعمال اور اس کے لئے ضروری مہارت

☆ آئٹم بینک کے سلسلے میں یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ نئے تعلیمی سال سے آزمائشی طور پر ایسے سوالات تیار کر کے مختلف سکولوں کو مہیا کئے جائیں گے جنھیں بچوں کے اکتسابی جائزے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

یونٹ نمبر:2

تعلیمی نگرانی اور ضروری مہارتیں

وقت: 2 گھنٹے

مقاصد: اس یونٹ کی تکمیل کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- تعلیمی نگرانی کا مفہوم سمجھ سکیں۔
- تعلیمی نگرانی کے مقاصد جان سکیں
- ان مقاصد کے حصول کا طریقہ کار سمجھ سکیں۔
- اس طریق کار کے لئے ضروری مہارتوں سے آگاہ ہو سکیں۔
- تعلیمی نگرانی کی ضروریات کو سمجھ سکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ تربیت کار کو یونٹ کی تدریس کے تیاری کے لئے تمام سرگرمیوں کا طریق کار سمجھ کر اور پس منظر میں دی گئی ضروری معلومات کو سامنے رکھ کر کام کرنا ہوگا۔

تعارف:

سکولوں کے نگران عملے کا عمومی رویہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ اصلاح و رہنمائی یا بچوں کی تدریس وتعلم کو بہتر بنانے کے لئے کسی طور معاون نہیں ہوتا اسی لئے عام طور پر نگران عملے کے سکولوں کے دورے کے نتائج سامنے نہیں آتے۔ اس یونٹ میں ہم یہ سیکھیں گے کہ نگران کے کسی سکول کے دورے کا بنیادی مقصد ''تعلیمی نگرانی'' ہونا چاہئے ۔ یہ تعلیمی نگرانی کیا ہے؟ اس کے لئے درکار ضروری مہارتیں اور اس کی ضروریات کو سمجھنا اس یونٹ کا بنیادی مقصد ہے۔

تعلیمی نگرانی کا مفہوم و مقاصد

سرگرمی نمبر 1　　　(30 منٹ)

1 شرکاء گروپوں میں کام کریں گے۔

2 ان سے کہیں کہ وہ یونٹ کے ساتھ شامل کیس سٹڈی کا بغور مطالعہ کریں اور اس پر دیے گئے سوالات کے جوابات گروپ میں بحث کر کے تیار کریں۔(10 منٹ)

3 گروپوں سے باری باری ایک ایک سوال کے یکے بعد دیگرے جوابات لیں اور نکات کی صورت میں تختہ سیاہ پر لکھیں۔ (معاون تربیت کار)

تعلیمی نگرانی سے مراد کمرہ جماعت میں جاری تدریس و تعلم کے عمل کا مشاہدہ کرنا اور اس بات کا جائزہ لینا ہے/تجزیہ کرنا ہے کہ کیا کلاس میں ہونے والے کام سے بچے زیادہ سے زیادہ سیکھ رہے ہیں یا نہیں؟

4 بحث کریں اور اخذ کرائیں (ممکن ہے یہ مفہوم مختلف الفاظ میں ادا کیا جائے)

.5 سوال نمبر3 کے جوابات پر بحث کر کے درج ذیل اخذ کروائیں۔

.6 اگر کوئی گروپ تیسرے مقصد کی نشاندہی نہ کر سکے تو موزوں سوال کے ذریعے اخذ کروائیں۔

(مثلاً بچوں کو کیا سکھایا جانا مقصود ہوگا؟)

تعلیمی نگرانی کے مقاصد • اساتذہ کی تدریس کو تعلم کے لئے زیادہ سے زیادہ معاون بنانا • بچوں کو بہتر سے بہتر سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا • نصاب میں متعین کردہ تمام ضروری مہارتوں کے سکھائے جانے کو یقینی بنانا

ورک شیٹ نمبر 1 (سرگرمی نمبر 2)

ذیل میں ایک ای ڈی او صاحب کے کچھ تجربات کا بیان ہے۔ اسے توجہ سے پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات پر گروپوں میں بحث کر کے جوابات تیار کریں۔

- ای ڈی او صاحب نے دسمبر کے دوسرے ہفتے میں اپنے زیرانتظام دو سرکل اے ڈی او حضرات کے تین تین سکول دیکھے۔ انھیں بچوں کی تعلیمی حالت پر بے حد تشویش ہوئی جب انھوں نے یہ دیکھا کہ ہر سکول کو اے ڈی او نے ایک سے زیادہ مرتبہ دیکھا ہے مگر
  - اول ادنیٰ کے بچوں کی اکثریت مختلف آوازوں کی ادائیگی نہیں جانتی۔
  - اکثر بچوں کی ورک بک پر سرے سے کوئی کام نہیں کیا گیا
  - دوسری جماعت کے آدھے سے زیادہ بچے جمع کے سوال اس طرح حل کرتے ہیں۔ $\begin{array}{r} 268 \\ +175 \\ \hline 31313 \end{array}$
- انھوں نے متعلقہ اے ڈی او حضرات کی ایک میٹنگ بلائی اور انھیں اس وقت مزید صدمہ پہنچا جب اے ڈی او حضرات نے انھیں بتایا کہ انھوں نے متعلقہ سکولوں کو ایک سے زائد بار دیکھا ہے اور اساتذہ کے کام میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔

سوال نمبر 1: بچوں کے تعلم میں اس طرح کی خرابیوں کو نگران حضرات کے دوروں سے دور کیوں نہیں کیا جا سکا؟

سوال نمبر 2: بچوں کے تعلم کی بہتری کے لئے نگران خواتین و حضرات کو کس طرح کی نگرانی کرنی ہوگی؟

سوال نمبر 3: تعلیمی نگرانی کے اس طریقے سے کیا کیا مقاصد حاصل ہو سکتے ہیں؟

تعلیمی نگرانی کا طریقہ کار

سرگرمی نمبر2

(35 منٹ)

1. شرکاء اپنی اپنی تربیتی ٹیم میں کام کریں گے۔
2. معاون تربیت کار تختہ سیاہ پر لکھے "تعلیمی نگرانی کو موثر بنانے کے لئے نگران کو کیا طریقہ کار اختیار کرنا چاہئے"(10 منٹ)
3. کام کے دوران ان کی نگرانی اور مدد کریں۔
4. مختلف جوڑوں سے نگرانی کے طریقہ کار کے ایک ایک قدم پر ان کی رائے لیں۔
5. معاون تربیت کار تختہ سیاہ پر درج کرے، تکرار سے گریز کریں۔
6. اخذ کرانے کے اس عمل کے دوران بحث کے لئے کوئی نکتہ اٹھانے کی اجازت نہ دی جائے۔
7. تمام نکات مکمل ہونے کے بعد بحث کریں اور طریق کار کی حتمی تفصیل تیار کریں جو سامنے بکس میں دی گئی تفصیلات کے مطابق ہو
8. اس بات کو یقینی بنائیں کہ شرکاء نے اپنے پاس ان نکات کی ترتیب وار حتمی فہرست تیار کر لی ہے۔

طریق کار
- نگران سکول جانے سے قبل جس جماعت کا تفصیلی معائنہ کرنا ہو اس کے تقسیم کار کے مطابق تیاری کرے۔
- جماعت کے کمرے میں متعلقہ مضمون کی تدریس کا مشاہدہ کرے۔
- مشاہدے کے لئے دو بنیادی نکات سامنے رکھے
  - تدریس تقسیم کار کے مطابق ہے
  - رہنمائے اساتذہ کے مطابق ہے
- دیکھے کہ تدریس سے بچے سیکھ رہے ہیں یا نہیں
- تدریس کے قابل اصلاح پہلو نوٹ کرے
- بعد میں استاد کو مشاورت اور رہنمائی دے
- مشاہدے کے متبادل اکتساب کے جائزے کا استعمال

تعلیمی نگرانی کے لئے درکار مہارتیں

سرگرمی نمبر 3

(25 منٹ)

1. شرکاء انھی جوڑوں/ٹیموں میں کام کریں گے۔
2. ان سے کہیں کہ وہ سرگرمی نمبر 2 کے نتیجے میں تیار کردہ فہرست سامنے رکھیں اور ان مہارتوں کی ایک فہرست تیار کریں جو اس طرح کی تعلیمی نگرانی کے لئے درکار ہوں گی۔ (10 منٹ)
3. کام کے دوران ان کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔
4. جوڑوں کے کام کے اختتام پر ان سے کام اخذ کروائیں اور معاون تربیت کار تختہ سیاہ پر ان مہارتوں کی فہرست تیار کرے۔
5. تکرار سے گریز کریں اور مہارتوں پر بحث کر کے ان کی ایک حتمی فہرست تیار کریں۔ رہنمائی کے لئے بکس میں دی گئی فہرست دیکھیں۔
6. شرکاء کو بتائیں کہ یہ چند مہارتیں ہیں جو ہر کامیاب سرکل اے ڈی او کو حاصل ہونی چاہئیں تا کہ اس کے زیرِ نگرانی سکولوں میں بچوں کی تعلیمی حالت کو بہتر بنایا جا سکے۔

تعلیمی نگرانی کے لئے درکار مہارتیں

- پرائمری جماعتوں کی نصابی درسی کتب کے مشمولات سے آگاہی اور عبور
- رہنمائے اساتذہ میں استعمال تدریسی طریق کار پر عبور
- مشاہدے کی مہارت
- رہنمائی اور مشاورت کی مہارت
- بچوں کے اکتساب کا جائزہ لینے کی مہارت

تعلیمی نگرانی کی ضروریات

سرگرمی نمبر 4　　　(30 منٹ)

1. شرکاء انھی جوڑوں/ٹیموں میں کام کریں گے۔
2. ان سے کہیں کہ وہ ورک شیٹ نمبر 2 پر کام کریں اور باہمی تبادلہ خیال سے ورک شیٹ مکمل کریں (10 منٹ)
3. کام کے دوران ان کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔
4. معاون تربیت کار تختہ سیاہ پر عنوان لکھے ''تعلیمی نگرانی کی ضروریات''
5. شرکاء سے ان کے جوابات اخذ کروائیں اور تختہ سیاہ پر عنوان کے ساتھ درج کریں (معاون تربیت کار)
6. تکرار سے گریز کریں، صرف وہ نکات لکھیں جو پہلے شامل نہیں ہوئے اور غیر متعلق نہیں ہیں۔
7. تمام جوڑوں کے جوابات مکمل ہونے کے بعد نکات کی فہرست پر بحث کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ شرکاء مہارتوں اور ضرورتوں کے درمیان فرق سمجھ گئے ہیں۔
8. شرکاء سے کہیں کہ وہ ان ضروریات کو اپنے پاس لکھ لیں۔
9. پورے یونٹ کے جائزے کے طور پر ان سے وہ نکات پوچھیں جو ان کی سمجھ میں نہ آئے ہوں اور ان کی وضاحت کریں

تعلیمی نگرانی کی ضروریات
- نگرانی کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی
- نگرانی کا باقاعدہ ریکارڈ
- نگرانی کی پیروی
- ساری جماعتوں کے سارے مضامین کی درسی کتابیں
- اپنی زیرِ نگرانی سکولوں میں تدریس کو تقسیم کار کا پابند بنانا
- بچوں کے اکتساب کا جائزہ اور اس کا ریکارڈ وغیرہ

یونٹ کا خلاصہ:

شرکاء کو یونٹ کا خلاصہ بتائیں۔

اس یونٹ میں ہم نے یہ سیکھا کہ ایک کامیاب تعلیمی پروگرام کے لئے یہ ضروری ہے کہ نگران خواتین وحضرات اپنی زیرِ نگرانی سکولوں، اساتذہ اور بچوں کی تعلیمی کارکردگی پر مسلسل نظر رکھیں۔ اس کے لئے وہ مشاہدہ اور جائزہ دو طرح کے کام کر سکتے ہیں اور ان کاموں کے لئے انھیں کچھ خصوصی مہارتوں کے حصول کی ضرورت ہوگی جس کے بغیر تعلیمی نگرانی کا کام نہیں ہو سکے گا۔ ہم نے ان ضروریات کے بھی ایک فہرست تیار کی جو اس طرح کی نگرانی کے لئے سرکل اے ڈی او کو درپیش ہوں گی۔

یونٹ نمبر 3:

پرائمری کلاس روم میں تدریسی عمل

وقت: 2 گھنٹے

مقاصد: شرکاء اس یونٹ کی تدریس کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- تعلیمی نگرانی کے لئے کمرہ جماعت کے تدریسی عمل کو سمجھنے کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ ان کے زیرِ نگرانی کلاس روم میں کس طرح کا عمل ہوتا ہے/ ہونا چاہئے۔
- ایک کامیاب تدریسی عمل کی علامات کی نشاندہی کر سکیں۔
- ایک کامیاب تدریسی عمل کا نمونہ پیش کر سکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

- ☑ درسی کتاب ریاضی دوم 6 عدد
- ☑ رہنمائے اساتذہ ریاضی دوم 6 عدد
- ☑ دوم کی تربیت کا مینول 6 عدد
- ☑ درسی کتاب اردو دوم 3 عدد
- ☑ رہنمائے اساتذہ اردو دوم 3 عدد
- ☑ عملی سائنس دوم 3 عدد
- ☑ رہنمائے اساتذہ عملی سائنس دوم 3 عدد

تعارف:

سرکل اے ڈی او کی حیثیت سے اگر اساتذہ کی تعلیمی کارکردگی کی نگرانی آپ کی ذمہ داری ہے تو اس کے لئے بنیادی ضرورت یہ ہوگی کہ آپ کو نہ صرف یہ معلوم ہو کہ آپ کے زیرِ نگرانی اساتذہ سے کس قسم کے تدریسی عمل کی توقع کی جاتی ہے بلکہ آپ خود ان کی تدریس کو دیکھ کر یہ فیصلہ کرنے کے قابل ہوں کہ تدریس متوقع معیار کے مطابق ہے یا نہیں۔ اور اگر استاد اس معیار پر پورا نہ اترتا ہو تو اس کی رہنمائی کر سکیں۔ اس یونٹ میں ہم آپ کی ذمہ داری کے اسی پہلو کے بارے میں سیکھیں گے۔

تعلیمی نگرانی اور پرائمری کلاس روم

سرگرمی نمبر 1

(30 منٹ)

1 شرکاء مناسب گروپوں میں کام کریں گے۔
2 انھیں ورک شیٹ نمبر 1 پر کام کرنے کو کہیں۔(10 منٹ)
3 نگرانی اور رہنمائی کریں۔
4 گروپوں سے باری باری ایک ایک سوال پر جوابات اخذ کروئیں۔ اورتختہ سیاہ پر نکات کی صورت میں لکھیں (معاون تربیت کار)
5. بحث کریں اور درج ذیل نکات اخذ کروائیں۔
6. سوال نمبر 4 پر جوابات اخذ کروائیں (نگرانی کا کام مشاہدے کے بغیر نہیں ہوسکتا)
7. اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام شرکاء نے یہ نکات اپنے پاس نوٹ کر لئے ہیں۔
8. ان پر یہ واضح کریں کہ اگلی سطح کی تربیت میں یہ نکات انھیں اسی طرح اخذ کروانے ہیں۔

سوال:1
1. پورے تدریسی وقت میں استاد کی تدریس کاعمل دیکھنا
2. اپنے مشاہدات نوٹ کرنا
3. تدریس کے بعد اپنے مشاہدات پر استاد سے تبادلہ خیال

سوال:2، 3
1. تدریسی عمل کس طرح ہو رہا ہے۔
2. تدریسی عمل کس طرح ہونا چاہئے
3. تدریسی عمل میں کون کون سے کمی ہے جسے دور کرنا ضروری ہے۔

ورک شیٹ نمبر 1 (سرگرمی نمبر 1)

تعلیمی نگرانی کے سلسلے میں آپ کو اپنے زیرنگرانی مدارس میں مشاہدے کا کام کرنا ہوگا۔ درج ذیل سوالات پر گروپوں میں بحث کر کے جوابات تیار کریں۔

سوال نمبر 1: کلاس روم میں جاری تدریسی عمل کا مشاہدہ آپ کیسے کریں گے۔ اپنے عملی اقدامات نکات کی صورت میں لکھیں

سوال نمبر 2: اس مشاہدے میں آپ کیا دیکھیں گے؟

سوال نمبر 3: آپ یہ مشاہدہ کیوں کریں گے؟

سوال نمبر 4: کیا تعلیمی نگرانی کا کام تدریس کے مشاہدے کے بغیر ہوسکتا ہے؟

پرائمری کلاس روم میں کیا ہوتا ہے؟

سرگرمی نمبر2 (35 منٹ)

1. شرکاء انھی گروپوں میں کام جاری رکھیں گے۔ (گروپوں کی نشست کی جگہ بدل دیں۔)
2. ہر گروپ کو ورک شیٹ نمبر 2 اور درج ذیل معاون مواد دیں۔
   i. ریاضی دوم کی نصابی کتاب (یا فوٹو کاپی)　ii. رہنمائے اساتذہ ریاضی دوم (یا فوٹو کاپی)
   iii. دوم کی تربیت کا مینول
3. شرکاء سے کہیں کہ وہ ورک شیٹ پر کام کریں، اس مواد سے کام لیں اور ورک شیٹ مکمل کریں (25 منٹ)
4. نگرانی اور رہنمائی کریں۔
5. سوال پر باری باری گروپوں سے کام خذ کروائیں اور نکات کی صورت میں تختہ سیاہ پر لکھیں۔ (معاون تربیت کار)
6. بحث کریں اور اخذ کروائیں

1. استاد

2. بچے

"توقع یہ کی جاتی ہے کہ ہمارے ایک عام کلاس روم میں اساتذہ اور بچے دونوں مل کر ایسی تدریسی سرگرمیاں کر رہے ہوں گے جن کے ذریعے بچوں کوخود کام کر کے اور نتیجہ اخذ کر کے سیکھنے کا موقع مل رہا ہوگا اور یہ نتیجہ اخذ کرنے میں استاد ان کی مدد کر رہے ہوں گے۔"

ورک شیٹ نمبر 2 (سرگرمی نمبر 2)

پچھلے چند سالوں میں پرائمری جماعتوں کے تمام طلبہ کے لئے نئی کتب اور تمام اساتذہ کے لئے ہر مضمون/ ہر کتاب کی تدریس کے لئے رہنما تیار کر کے انھیں ان کے استعمال میں تربیت دی گئی ہے۔ اب توقع یہ کی جاتی ہے کہ ہر کمرہ میں ایک خاص طرح کا ماحول ہوگا اور اساتذہ تدریس کے ایک خاص طریقے کے مطابق پڑھا رہے ہوں گے۔ آپ کو اس سلسلے میں درسی کتاب اور رہنمائے اساتذہ کا نمونہ دیا جا رہا ہے۔ اسے پڑھیں اور درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: پرائمری کلاس روم میں استاد سے جس طرح کے تدریسی عمل کی توقع کی جاتی ہے اس کی خصوصیات کیا ہوں گی (کتاب اور سبق کا موازنہ آپ کے سامنے ہے)

سوال نمبر 2: ایسے استاد کے کلاس روم میں تدریس کے دوران بچے کیا کر رہے ہوں گے؟

کامیاب تدریسی عمل کی علامات

سرگرمی نمبر3 (30 منٹ)

1. گروپوں کی توجہ پچھلی سرگرمی کے نتائج پر مبذول کرائیں اور تختہ سیاہ پر لکھیں۔(معاون تربیت کار) ''کامیاب تدریسی عمل کی علامات''
2. باری باری ہر گروپ سے نکات اخذ کرائیں اور تختہ سیاہ پر فہرست تیار کریں (معاون تربیت کار)
3. بحث کریں اور بحث کو اس بات پر مرکوز رکھیں کہ شرکاء کو کامیاب تدریسی عمل کی علامات کی ایک ایسی فہرست تیار کرنی ہے جسے وہ بطور تعلیمی نگران اساتذہ کے کام کے مشاہدے کے حوالے کے لئے استعمال کریں گے۔
4. بحث کے بعد تختہ سیاہ پر درج ذیل نکات ہونے چاہئیں۔
5. شرکاء سے کہیں کہ وہ ان نکات کو اپنے پاس نوٹ کرلیں۔
6. سرگرمی کا خلاصہ بتائیں۔

''تعلیمی نگران کی حیثیت سے سرکل اے ڈی او کو پرائمری کلاس روم میں جاری تدریسی عمل کی خصوصیات سے واقفیت ہونی چاہیے تا کہ وہ مشاہدے کے دوران استاد کی تدریس کو ان علامات کی مدد سے جانچ سکے''

- استاد تدریسی سرگرمیوں کے ذریعے تدریس کرتا ہے
- استاد ان سرگرمیوں میں بچوں کی رہنمائی اور مدد کرتا ہے
- بچے تدریسی سرگرمیوں میں مشغول/کام کرتے ہیں۔
- سرگرمیوں کے نتائج اخذ کرانے کے لئے استاد مناسب سوالات کرتا ہے۔
- استاد اور بچے مل جل کر ایک با مقصد تدریسی عمل میں شریک ہوتے ہیں۔

تدریسی عمل کے لئے تفویضات

سرگرمی نمبر 4 (30 منٹ)

1. شرکاء کو بتائیں کہ ہم میں سے اکثر پرائمری کلاس روم میں اس متوقع تدریس کے طریق کار سے واقف نہیں ہیں یا ہم نے اس پر اس طرح عمل نہیں کیا جس طرح کامیاب تدریس کے لئے کرنا ضروری ہے اس لئے ہم کل صبح کا پہلا سیشن اس طرح کی تدریس کے چند اسباق کے مشاہدے میں گزاریں گے۔ اس سلسلے کا پہلا سبق میں خود دوں گا۔
2. شرکاء سے معلوم کریں کہ ان میں کون کون سے رضا کار اس طرح کی تدریس کے لئے تیار ہوں گے۔ (3 کا انتخاب کیجئے)
3. خود بھی تیاری کریں اور رضا کار شرکاء کو درج ذیل ترتیب سے اسباق کی تفویض کریں۔
   i. اردو دوم کا سبق ii. ریاضی دوم کا سبق iii. سائنس دوم کا سبق
4. شرکاء کو متعلقہ رہنمائے اساتذہ کے صفحات کی فوٹو کاپی بھی دیں۔
5. انھیں بتائیں کہ یہ تدریس تربیت کے کمرے میں مصنوعی صورت حال میں کی جائے گی۔ جس میں شرکاء کا ایک گروپ (8 - 6) جماعت دوم کے بچوں کا کردار ادا کریں گے۔ جبکہ باقی شرکاء ان علامات کے حوالے سے مشاہدہ کریں گے جو پچھلی سرگرمیوں میں اخذ کی گئی ہیں۔

یونٹ نمبر:4
پرائمری کلاس روم میں متوقع تدریس
(عملی کام)
وقت: 2 گھنٹے

مقاصد: شرکاء اس یونٹ کی تدریس کے بعد اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- فعال تعلم کے اصولوں پر تدریس کے عمل کا تجربہ حاصل کر سکیں۔
- فعال تعلم کی تدریس کا مشاہدہ کر کے نتائج اخذ کر سکیں۔
- تدریس میں ممکن اصلاح کے لئے تجاویز دے سکیں۔
- ضروری ہو تو ان اصلاحی اقدامات کے مطابق مظاہرہ کر سکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ دوم کی اردو، ریاضی اور سائنس کے اسباق کی فوٹو کاپی۔
☑ کامیاب تدریسی عمل کی علامات کی فہرست۔ (پچھلے یونٹ میں تیار کی گئی تھی)

تعارف:

شرکاء کو بتائیں کہ گزشتہ روز کی تفویضات کے مطابق آج چار اسباق پیش کئے جائیں گے۔ ایک سبق (تربیت کارخود) میں پیش کروں گا / گی اور باقی تین اسباق، تین رضا کار شرکاء پیش کریں گے۔ باقی شرکاء کار اُن علامات کے حوالے سے اس تدریس کا مشاہدہ کریں گے۔

مظاہراتی تدریس

سرگرمی نمبر 1 (15+15 منٹ)

1 شرکاء کے دو گروپ بنائیں۔ ایک گروپ روم کے طلبہ کی طرح کام کرے گا (8-6) جب کہ دوسرا بڑا گروپ مشاہدہ کرے گا۔
2 طلبہ گروپ کو بتائیں کہ وہ تدریس کے دوران اس طرح کا طرزِ عمل اختیار کریں جیسے بچوں سے توقع کی جاتی ہے۔
3 مشاہدہ کرنے والوں کو بتائیں کہ وہ گزشتہ روز کے آخری یونٹ کی سرگرمیوں کے نتیجے میں تیار ہونے والی علامات کی فہرست کے حوالے سے مشاہدہ کریں اور اپنے پاس نوٹ کریں کہ زیر مشاہدہ تدریس میں ان میں سے کون کون سی علامات موجود نہیں تھیں۔
4. سرگرمی نمبر 1 کے طور پر اپنا سبق پیش کریں۔ (10 منٹ)
5. سبق کے اختتام پر مشاہدہ گروپ کے مشاہدات باری باری اخذ کروائیں اور بحث کریں۔ (15 منٹ)
6. شرکاء سے کہیں کہ اپنے مشاہدات کو "علامات" کی حدود کے اندر رکھیں۔ غیر متعلق رائے سے گریز کریں۔

شرکاء کی مشقی تدریس

سرگرمی نمبر 2,3,4 (75 منٹ)

1. اس سیشن کے باقی وقت میں درج ذیل سرگرمیاں اُسی طرح کی جائیں گی جس طرح سرگرمی نمبر 2 تجویز کی گئی ہے۔

سرگرمی نمبر 2:	رضاکار شریک کورس کی اردو کی تدریس۔	(15+10 منٹ)
سرگرمی نمبر 3:	رضاکار شریک کورس کی ریاضی کی تدریس۔	(15+10 منٹ)
سرگرمی نمبر 4:	رضاکار شریک کورس کی سائنس کی تدریس۔	(15+10 منٹ)

2. تدریسی سرگرمی اور اُس پر بحث کے دوران نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں اور مشاہدے میں شرکاء کے رویے پر نظر رکھیں (ضروری ہو تو شروع میں یا جب ضروری ہو ہدایات دیں) ماحول کو غیر سنجیدہ نہ ہونے دیں۔

سرگرمیوں کا خلاصہ/نتیجہ (15 منٹ)

1. سارے اسباق کی تدریس اور بحث کے بعد گروپوں کو یک جا کریں اور پوچھیں:۔
ا۔ کیا آپ کو اندازہ ہوا کہ عام پرائمری کلاس روم میں تدریس کا عمل کس طرح کا ہونا چاہیئے؟
ب۔ اس تدریسی عمل کو یقینی بنانے کے لیے استاد کو کس طرح کی مدد حاصل ہے جسے استاد کامیابی سے استعمال کر سکتا ہے؟
2. اخذ کروائیں۔

> 1) پرائمری کلاس روم میں تدریسی عمل کو فعال تعلم کے اُصولوں کے مطابق (اُن علامات کے مطابق جو ہم نے اخذ کی ہیں) ہونا چاہیئے۔
> 2) اس کے لیے اُستاد کے پاس راہنمائے اساتذہ موجود ہونا چاہیئے جسے وہ استعمال کر کے کامیاب ہوسکتا ہے۔

یونٹ نمبر:5
تعلیمی نگرانی ۔متبادل/معاون اقدامات
وقت: 2 گھنٹے

مقاصد: اس یونٹ کی تدریس کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اُن اقدامات کی نشاندہی کرسکیں جوتعلیمی نگرانی میں معاون ہو سکتے ہیں۔
- 'معاونین' کے مجوزہ انتظام اور طریقِ کار کوسمجھ سکیں۔
- اکتسابی جائزے کی تعلیمی نگرانی کے لیے اہمیت کوسمجھ سکیں۔
- 'معاونین' اور 'اکتسابی جائزوں' کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کی نشاندہی کرسکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ پسِ منظر کی معلومات۔
☑ ورک شیٹ 1 تا 4۔

تعارف:

سرکل کی سطح کی تعلیمی انتظامیہ کی موجودہ صورتِ حال میں تعلیمی نگرانی کا ایک موثر نظام اسی صورت میں قائم ہوسکتا ہے جب سرکل اے ڈی او کو کچھ ایسے اقدامات اور مواقع کا تعاون حاصل ہوجو اپنے سرکل کے ہر سکول میں اس کے نہ پہنچ سکنے کی صورت میں اس نگرانی کی ضروریات پورا کرنے میں اس کی مدد کرسکیں۔ اس یونٹ میں ہم دو ایسے ہی اہم اقدامات کے بارے میں سیکھیں گے اور ان کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہوں گے اس لیے کہ ان اقدامات اور مواقع کی کامیابی ہماری کامیابی کا ایک ذریعہ بن سکتی ہے۔

تعلیمی نگرانی کے معاون اقدامات

سرگرمی نمبر 1 (30 منٹ)

1 شرکاء سے کہیں کہ وہ اپنی ٹیم/ جوڑوں میں کام کریں۔

2 انھیں ورک شیٹ نمبر 1 پر کام کرنے کو کہیں۔ (10 منٹ)

3 نگرانی اور راہ نمائی کریں۔ (ورک شیٹ کے سوال کی ضروری وضاحت کریں)

4 کسی بھی رضا کار جوڑے/ٹیم سے اُن کے جوابات اخذ کرائیں اور تختہ سیاہ پر لکھیں۔ (معاون تربیت کار)

5. باقی شرکاء سے کہیں کہ وہ صرف ایسے نکات بتائیں جو تختہ سیاہ پر موجود نہ ہوں۔

6. تختہ سیاہ پر موجود جوابات پر بحث کر کے اخذ کروائیں کہ سرکل اے ڈی او سکولوں کی تعلیمی نگرانی کے لیے کون کون سے متبادل اقدامات کو استعمال کرسکتا ہے۔

متوقع جوابات:
- دفتری کاموں میں کمی کی جائے۔
- سکولوں کی تعداد کم کی جائے۔
- اول مدرسین کے تعاون سے کام کیا جائے۔

7. ممکن ہے چند شرکاء ان متبادل اقدامات سے آگاہ ہوں۔ خصوصاً 'معاونین' (MENTOR) کے تجربے سے واقف ہوں۔

حتمی فہرست:
- معاونین (MENTOR) کا کام۔
- اکتسابی جائزے۔
- اول مدرسین۔

8. شرکاء سے جواب ملے یا نہ ملے اپنی بحث کو اس طرف لے جائیں کہ سرکل اے ڈی او کو اس کام میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ مدد اسے دو صورتوں میں مل سکتی ہے۔

اول: کوئی ایسا معاون جو سکولوں کو باقاعدہ دیکھ سکے۔

دوم: کوئی ایسا طریقہ جس سے اساتذہ طلبہ کے کام سے آگاہی ہو سکے۔

9. بتایئے:

ایسی صورت میں کہ سرکل اے ڈی او اپنے سرکل کے سارے سکولوں میں باقاعدہ تعلیمی نگرانی کا کام نہیں کر سکتا اسے 'معاونین' کی امداد اور بچوں کے 'اکتسابی جائزے' کے ذریعے تعلیمی نگرانی کی ذمہ داریوں کو موثر طور پر پوری کرنے کا موقعہ مل سکتا ہے۔ ہم اگلی سرگرمیوں میں ان دونوں کے بارے میں سیکھیں گے۔

ورک شیٹ نمبر 1 (سرگرمی نمبر 1)

سرکل اے ڈی او کی حیثیت سے آپ کے تجربے نے آپ پر واضح کیا ہے کہ آپ کو مختلف وجوہات کے باعث اپنے زیرِ نگرانی سکولوں میں تعلیمی سال کے دوران بار بار جانے کا موقع نہیں ملتا جس کی وجہ سے تعلیمی نگرانی کا کام اس طرح نہیں ہوسکتا جس کی آپ سے توقع کی جا سکتی ہے۔

اپنے ٹیم ممبر/ساتھی کے ساتھ مل کر درج ذیل سوال پر غور کیجیئے اور جوابات لکھیے۔

سوال: آپ کے خیال میں آپ کے تعلیمی نگرانی کے کام کو آسان ، باقاعدہ اور نتیجہ خیز بنانے کے لئے کون کون سے اقدامات/مواقع ایسے ہو سکتے ہیں جو آپ کو فراہم کئے جائیں۔

معاونین: 'ضرورت اور طریقِ کار'

سرگرمی نمبر 2   (30 منٹ)

1. شرکاء کو گروپوں میں بٹھائیں۔
2. تختہ سیاہ پر لکھیں۔ (معاون تربیت کار)

"اگر آپ کے سکولوں میں کوئی ایسا معاون کام کرے جو اساتذہ کے کام کے مشاہدے کے بعد اُن کو مشورہ دے سکے تو آپ اس کے کام کو تعلیمی نگرانی کے لیے کیسے استعمال کر سکتے ہیں۔"

3. گروپوں کو 10 منٹ اپنی تجاویز تیار کرنے کے لیے دیں۔
4. نگرانی اور رہنمائی کریں۔
5. گروپوں سے کام اخذ کروائیں اور اُن کے جوابات نکات کی صورت میں تختہ سیاہ پر لکھیں۔
6. 'معاونین' کے کام کے سلسلے میں پسِ منظر کی معلومات مدِنظر رکھیں۔
7. اُن کے نکات پر بحث کر کے معاونین کے طریقِ کار سے استفادے کے درج ذیل نکات کی حتمی فہرست تیار کریں۔

- معاون اساتذہ کے کام کو دیکھے۔اُن کو مشورہ دے۔
- اُن کے کام پر ایک رپورٹ سرکل اے ڈی او کو دے۔
- سرکل اے ڈی او ایسے معاونین سے مہینے میں ایک بار اُن کے تجربات پر ریویو کریں۔
- اساتذہ کے کام میں اصلاح کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔

اکتسابی جائزے اور تعلیمی نگرانی

سرگرمی نمبر 3

1. شرکاء انھی جوڑوں میں کام کریں گے۔
2. تختہ سیاہ پر لکھیں "اکتسابی جائزوں کے نتائج کو تعلیمی نگرانی کے لئے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے (معاون تربیت کار)
3. گروپوں سے کہیں کہ وہ اکتسابی جائزہ لینے کے طریقِ کار اور اس کے نتائج کو تعلیمی نگرانی کے لئے استعمال کرنے کے سلسلے میں اپنی تجاویز تیار کریں۔ (10 منٹ)
4. نگرانی اور رہنمائی کریں۔
5. تختہ سیاہ پر دو کالم بنائیں۔
6. گروپوں سے کام اخذ کروائیں۔ نکات کی صورت میں کالموں میں لکھیں۔
7. پسِ منظر کی معلومات کی تفصیلات سامنے رکھیں اوراُن کے جوابات پر بحث کر کے حتمی نتائج اخذ کریں۔ (سرکل اے ڈی اوسکولوں کے دورے کے دوران ان جائزوں کو استعمال کر کے انھیں اساتذہ کی رہنمائی اور تدریس اور تعلم کی بہتری کے لئے استعمال کر سکتا ہے)

جائزوں کا طریق کار	تعلیمی نگرانی کے لئے استعمال

تعلیمی نگرانی کے لئے درکار مہارتیں

سرگرمی نمبر 4 (25 منٹ)

1. شرکاء انھی جوڑوں میں کام کریں گے۔
2. انہیں ورک شیٹ نمبر 2 پر کام کرنے کو کہیں۔ (10 منٹ)
3. نگرانی اور رہنمائی کریں۔
4. گروپوں سے کام اخذ کروائیں اور ذمہ داریوں کی فہرست تختہ سیاہ پر نکات کی صورت میں لکھیں۔ (معاون تربیت کار)
5. بحث کریں اور ایک حتمی فہرست تیار کریں۔
6. شرکاء سے کہیں کہ وہ اس فہرست کو اپنے پاس نوٹ کریں۔
7. یونٹ کا خلاصہ بتاتے ہوئے کہیں کہ تعلیمی نگرانی کے کام کو موثر بنانے کے لئے سرکل اے ڈی او کو معاونین اور اکتسابی جائزوں کی صورت میں معاونت مل سکتی ہے بشرطیکہ اے ڈی او اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔

معاونین کے سلسلے میں:
- اُن کے مشاہدات کا باقاعدہ ریویو۔
- اُن سے اصلاحی اقدامات کے سلسلے میں مشاورت
- ان کی سفارشات پر ضروری پیروی کرنا۔
- اُن کے کام کی نگرانی کرنا۔

پس منظر کی معلومات

برائے سرگرمی نمبر 1:

ہمارے اکثر اضلاع میں سرکل اے ڈی او کے پاس اول تو سکولوں کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ وہ تعلیمی سال کے دوران زیادہ سے زیادہ دو تین بار ہی کسی سکول میں جا سکتے ہیں جن میں سے ایک بار تو انھیں صرف سالانہ معائنے کے لئے جانا پڑتا ہے۔دوسرے انھیں دفتری کاموں اور انتظامی معاملات میں اس قدر مصروف رہنا پڑتا ہے کہ اکثر سکولوں میں سال میں ایک بار جانا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسی صورت میں سرکل اے ڈی او کیا کر سکتا ہے۔ اس سوال کے جواب کے لئے مدارس کی صوبائی انتظامیہ بھی مسلسل جواب تلاش کرتی رہتی ہے۔ چنانچہ پچھلے چند سالوں میں چند ایسے اقدامات تجویز کئے گئے ہیں جن کی مدد سے سرکل اے ڈی اوسکولوں کی تعلیمی نگرانی میں بہتری پیدا کر سکتا ہے۔

1۔معاونین (MENTORS)

تعلیمی سال 04-2003 کے آغاز سے صوبے کے چار اضلاع میں تجرباتی طور پر پرائمری سکولوں کے' معاونین' کا نظام متعارف کرایا گیا ہے جو اب تک نہایت کامیابی سے چلا ہے۔ تعلیمی سال کے اختتام کے بعداس کا جائزہ لیا جائے گا اوراگر اسے موثر پایا گیا تو صوبے کے باقی اضلاع میں بھی اس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ اس نظام میں تعلیمی سرکل کو چند قابلِ عمل حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حصے میں 4,5 سکول شامل ہیں۔ ان سکولوں میں سے ایک منتخب استاد کو بطور معاون منتخب کرکے اُسے تربیت دی گئی ہے۔ یہ معاون ہفتے میں صرف ایک دن اپنی ذمہ داری کے سکولوں میں جاتا ہے۔ اساتذہ کی تدریس کا مشاہدہ کرتا ہے۔ضروری مشاورت دیتا ہے اور مہینے کے آخر میں اپنے مشاہدات پر مبنی ایک تفصیلی رپورٹ اپنے سرکل اے ڈی او کو دیتا ہے۔ ایسی ساری رپورٹیں سرکل اے ڈی او ایک ریویو میٹنگ میں اپنے سرکل کے 'معاونین' کے ساتھ بیٹھ کر پڑھتا ہےاور اساتذہ/ مدارس کی مشترکہ مشکلات کے لئے اصلاحی اقدامات تجویز کئے جاتے ہیں۔ اگر اس نظام پر موثر طریقے سے عمل کیا جائے تو یہ طریقہ کار سرکل اے ڈی او کو ہر ماہ باقاعدگی سے اپنے زیرِنگرانی سکولوں اور اساتذہ کی کارکردگی سے باخبر رکھتا ہےاور اس طرح سرکل اے ڈی او کی سکولوں کی نگرانی کی کمی پوری کی جاسکتی ہے۔اس سلسلے میں تفصیلی تربیت سرکل اے ڈی او خواتین و حضرات کو اس وقت دی جائے گی جب اُن کے اضلاع میں یہ نظام متعارف کرایا جائے گا۔

2۔اکتسابی جائزے

سرکل اے ڈی او کے پاس ایک اہم متبادل ذریعہ تعلیمی نگرانی کا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ سکول میں اپنے دورے کے

دوران یا سال کے آخر میں سالانہ معائنے (یا امتحان) کے وقت ایک باقاعدہ پہلے سے تیار شدہ اکتسابی جائزے کی مدد سے بچوں کی تعلیمی حالت کا جائزہ لے اور اُس کے نتائج کی روشنی میں اساتذہ سے مشاورت کرے اور اُن کی راہ نمائی کرے یا انتظامی اقدامات کرکے سکولوں کی تعلیمی حالت کو بہتر بنائے۔

ظاہر ہے اس وقت سرکل اے ڈی او کو اس طرح کے اکتسابی جائزے کی سہولت بھی حاصل نہیں اور اسے موقعہ بھی نہیں ملتا۔ اس لئے کوشش کی جا رہی ہے کہ نئے تعلیمی سال (05-2004) سے بعض منتخب اضلاع کے مدارس میں ابتدائی اقدام کے طور پر جماعت اول ادنیٰ، اول اعلیٰ اور دوم کے مضامین اردو، ریاضی اور سائنس کے اکتسابی جائزے تیار کر کے فراہم کئے جائیں جو اول مدرس کے پاس سکول کی ملکیت کے طور پر رہیں اور ان جائزوں کو تین مختلف مواقع پر استعمال کیا جا سکے۔

اول یہ کہ کلاس روم میں استاد اپنی تدریس یا بچوں کے تعلم کے جائزے کے لئے انھیں باقاعدہ استعمال کرے اور بچوں کی غلطیوں کی اصلاح کرکے اُن کے تعلم کو بہتر بنا سکے۔

دوم یہ کہ سرکل اے ڈی او اپنے دورے کے موقعے پرانھی جائزوں کے سوالات کا انتخاب کرکے بچوں کی تعلیمی حالت کا جائزہ لے سکے۔ اور

سوم یہ کہ محکمے کا کوئی اور ذمہ دار فرد یا ادارہ اگر بچوں کی تعلیمی حالت کا جائزہ لینا چاہے تو یہی جائزے استعمال کئے جا سکیں۔

ظاہر ہے تعلیمی نگرانی کے کام کو باقاعدہ اور مؤثر بنانے کے لئے اکتسابی جائزوں کو بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔

یونٹ نمبر:6

تعلیمی نگرانی، پیروی کے اقدامات

وقت: 2 گھنٹے

مقاصد: اس یونٹ کی تدریس کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- تعلیمی نگرانی کے نتیجے میں سامنے آنے والی صورت حال کی اصلاح کی ضرورت کو سمجھ سکیں۔
- اس طرح کی اصلاح کے لئے ضروری اقدامات کی ایک فہرست تیار کرسکیں۔
- پیروی کے اقدامات میں اساتذہ کی رہنمائی اور تربیت کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- اساتذہ کی تربیت کے ایک قابل عمل طریق کار کو سمجھ سکیں۔
- تربیت کے لئے ماڈیول کی ساخت کو سمجھ سکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ پس منظر کی معلومات
☑ ورک شیٹ نمبر1 تا 4

تعارف:

تعلیمی نگرانی کا کوئی بھی طریق کار یا قدم اس وقت تک موثر نہیں ہوسکتا جب تک ہم اس نگرانی کے نتیجے میں سامنے آنے والی صورت حال سے نمٹنے کے لئے تیار نہ ہوں۔ اب تک کی صورت حال یہی ہے کہ ہم یہ تو عام طور پر جانتے ہیں کہ مدارس اساتذہ اور بچوں کے حالات کیا ہیں۔ مگر اس کے لئے ہمارے پاس کوئی اصلاحی اقدامات نہیں ہیں۔ اس یونٹ میں ہم یہ سیکھیں گے کہ بعد از نگرانی ہمیں کن اقدامات کی ضرورت ہوگی۔ اور ہم انھیں کیسے سرانجام دے سکتے ہیں۔

تعلیمی نگرانی کے بعد

سرگرمی نمبر 1　　(30 منٹ)

1 شرکاء گروپوں میں کام کریں گے۔

2 انھیں ورک شیٹ نمبر 1 پر کام کرنے کو کہیں۔(10 منٹ)

3 کام کے دوران نگرانی اور رہنمائی کریں۔

4 گروپوں کا کام ورک شیٹ کے دونوں سوالات پر باری باری اخذ کرائیں اور نکات کی صورت میں تختہ سیاہ پر لکھیں۔ (معاون تربیت کار)

5. بحث کریں اور سوال نمبر 1 اور 2 پر الگ الگ پیروی کے حتمی اقدامات کی فہرست تیار کریں جو یوں ہونی چاہئے۔

سوال نمبر 1 نگرانی کے بعد پیروی کے اقدامات ضروری ہوں گے۔	سوال نمبر 2: اساتذہ کی مشاورت/رہنمائی • اصلاحی/نمونے کی تدریس • اول مدرس سے مشاورت رہنمائی • معاونین سے مشاورت	• انتظامی قدامات • اساتذہ کی تربیت

6. سرگرمی کا خلاصہ بتائیں: ''نگرانی کے عمل کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے ہمیں اس کی پیروی (Follow-up) کے اقدامات بھی کرنے ہوں گے جن میں انتظامی اقدامات، مشاورت/رہنمائی اور اساتذہ کی تربیت تینوں طرح کے اقدامات شامل ہوں گے۔''

ورک شیٹ نمبر 1 (سرگرمی نمبر 1)

سوال نمبر 1: سرکل اے ڈی او کی حیثیت سے آپ نے خود اساتذہ کا کام اور بچوں کی تعلیمی حالت کا جائزہ لیا ہو یا معاونین/ اول مدرسین سے آپ کو قابل اصلاح صورت حال کا علم ہوا ہو۔ سوال یہ ہے کہ کیا آپ کو کچھ اقدامات کی ضرورت ہوگی۔ گروپوں میں تبادلہ خیال کر کے جواب لکھیں۔

سوال نمبر 2: اگر آپ کو پیروی (Follow up) کے کچھ اقدامات کرنے ہوں گے تو ان اقدامات کی ایک فہرست تیار کیجئے

1. ---
2. ---
3. ---
4. ---
5. ---
6. ---
7. ---

نگرانی کی پیروی - اساتذہ کی تربیت

سرگرمی نمبر 2　　(30 منٹ)

1. شرکاء کو ان کی تربیتی ٹیموں میں کام کرنے کو کہیں۔
2. انھیں بتائیں کہ وہ ورک شیٹ 2 پر کام کریں گے۔ وہ باہمی تبادلہ خیال کر کے اسے مکمل کریں۔ (10 منٹ)
3. نگرانی اور رہنمائی کریں۔
4. ٹیموں سے کام اخذ کروائیں اور نکات کی صورت میں دونوں سوالوں کے جوابات باری باری تختہ سیاہ پر درج کریں۔ (معاون تربیت کار)
5. بحث کریں اور دونوں سوالات پر ان کے خیالات کو ترتیب دیں۔
6. رہنمائی اور تربیت کے لئے ان کے تجویز کردہ اقدامات کچھ بھی ہو سکتے ہیں اس لئے بحث کر کے ان سے درج ذیل اخذ کروائیں۔

سوال:1	کلاس روم میں اساتذہ کی رہنمائی کے لئے اے ڈی او کو تیار رہنا چاہئے۔ اس تیاری کے لئے انھیں متعلقہ رہنمائے اساتذہ سے مدد مل سکتی ہے۔
سوال:2	اساتذہ کی تدریس میں اگر کچھ ایسی قابل اصلاح خامیاں ہیں جو تربیت کے بغیر دور نہیں ہو سکتیں تو ان کی تربیت کا انتظام کرنا بھی اے ڈی او کی ذمہ داری ہے۔

ورک شیٹ نمبر 2 (سرگرمی نمبر 2)

اپنی تربیتی ٹیم میں ان سوالات پر بحث کے بعد جوابات تیار کریں اور بطور سرکل اے ڈی او اپنی ذمہ داریوں کو سامنے رکھیں۔

سوال نمبر 1: تعلیمی نگرانی

میں مشاہدے یا کسی معاون کی اطلاع پر آپ اساتذہ کی رہنمائی کرنا چاہیں (تاکہ ان کی تدریس سے بچے بہتر طور پر سیکھ سکیں) تو یہ کام آپ کیسے کریں گے اور اس کے لئے آپ کو کہاں سے مدد ملے گی؟

یہ کام کیسے کریں گے؟ ____

____

____

____

کہاں سے مدد ملے گی؟ ____

____

____

____

سوال نمبر 2: اگر آپ کی زیرنگرانی اساتذہ میں سے 15 اساتذہ کے بارے میں آپ کی دریافت ہو کہ وہ بچوں کو کسور اعشاریہ کے مختلف تصورات نہیں سکھا سکتے تو آپ کیا کریں گے؟ کیا یہ خرابی تربیت کے بغیر دور کی جاسکتی ہے؟

____

____

____

____

____

____

____

____

اساتذہ کی تربیت: کیسے؟

سرگرمی نمبر 3　　　　(30 منٹ)

1. اساتذہ اپنی ٹیموں/ جوڑوں میں کام کریں گے۔
2. انھیں ورک شیٹ نمبر 3 پر کام کرنے کو کہیں۔ (10 منٹ)
3. کام کے دوران ان کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔
4. اساتذہ کے جوابات کو تختہ سیاہ پر باری باری نکات کی صورت میں لکھیں۔ (معاون تربیت کار)
5. بحث کر کے نتیجہ اخذ کریں

''اساتذہ کی اس طرح کی تربیت کے سلسلے میں ہمارے پاس کوئی واضح لائحہ عمل نہیں ہے۔ اور ہم عموماً اس میں مشکلات کا سامنا کریں گے۔''

6. شرکاء میں'' ماڈیول 1، 2، 3'' کی کاپیاں تقسیم کریں۔
7. انھیں بتائیں کہ آپ کی ان ذمہ داریوں کو آسان بنانے کے لئے پرائمری مدارس کے مختلف موضوعات/ تصورات پر ایسی رہنما کتابیں (اسباق) یا ماڈیول تیار کئے گئے ہیں۔ جنھیں آپ اپنی اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ہماری آج کی آخری سرگرمی ان ماڈیول کی ساخت کو سمجھنے کے لئے ہوگی۔

ورک شیٹ نمبر 3 (سرگرمی نمبر 3)

اپنے ساتھی کے ساتھ تبادلہ خیال کے بعد درج ذیل سوال کا جواب تیار کیجئے۔ سول پر غور کرتے ہوئے مدارس میں اساتذہ کی تدریس کو بہتر بنانے اور طلبہ کی تعلیمی کامیابی کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں کو سامنے رکھیں۔

سوال نمبر 1: پچھلی سرگرمی/ورک شیٹ کے اختتام پر ہم نے اساتذہ کی تربیت کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری کے بارے میں سیکھا۔ اس تربیت کا کام کرنے کے لئے آپ کیا کریں گے (تربیت کیسے دیں گے/کون سے اقدامات کریں گے۔ کیا آپ اس کے لئے تیار ہیں۔

تربیت کیسے دیں گے؟ ____________________

____

____

____

____

کیا آپ اس کے لئے تیار ہیں؟ ____________________

____

____

____

تربیتی ماڈیول کی ساخت اور استعمال

سرگرمی نمبر 4　　　　(40 منٹ)

1. شرکاء سے کہیں کہ وہ اپنی ٹیم کے ساتھی کے ساتھ بیٹھ کر ریاضی کے ماڈیول کا مطالعہ کرے اور ورک شیٹ نمبر 4 تیار کرے۔(15 منٹ)
2. کام کے دوران ان کی نگرانی اور رہنمائی کریں۔
3. گروپوں سے ان کا کام اخذ کروائیں (ایک وقت میں ایک سوال کے جوابات نکات کی صورت میں تختہ سیاہ پر لکھیں (معاون تربیت کار)
4. ان کے جوابات پر باری باری بحث کریں۔ اس کے لئے پس منظر کی معلومات سامنے رکھیں۔
5. بحث سے نتیجہ اخذ کروائیں۔
   i. ماڈیول میں کسی ایک مضمون کے ایک تصور کو پرائمری جماعتوں کے مختلف نصاب کے حوالے سے یکجا کر دیا گیا ہے
   ii. ہر تصور کے سلسلے میں اساتذہ کی تفہیم اور تربیت کے لئے سرگرمیاں تیار کر کے شامل کی گئی ہیں۔
   iii. سرکل اے ڈی او جب کسی خاص مہارت/تصور میں اپنے سرکل کے ایسے اساتذہ کی تربیت کا انتظام کرے گا جس میں کسی تصور یا مہارت کے بارے میں یکساں کمی پائی جاتی ہے تو وہ ایک مختصر دورانیے کی تربیت کا انتظام کر کے اس مخصوص تصور/مہارت کے بارے میں اس ماڈیول کے متعلقہ حصے کو استعمال کر کے اساتذہ کو تربیت دے گا۔

یونٹ کا خلاصہ:

سرکل اے ڈی او کی اس ذمہ داری میں ان کی مدد کرنے کے لئے جس طرح یہ ماڈیول تیار کئے گئے ہیں اسی طرح آپ کی تربیت کے باقی تین دن آپ کو ان ماڈیولز کے استعمال میں تربیت دی جائے گی۔

تفویض:

شرکاء سے کہیں کہ وہ کل صبح کے لئے ماڈیول فعال تعلم پر مبنی چند تدریسی سرگرمیوں کا مطالعہ کر کے آئیں تا کہ کل کے تربیتی دن سے زیادہ سے زیادہ فائدہ لیا جا سکے۔

ورک شیٹ نمبر 4 (سرگرمی نمبر 4)

اپنے ساتھی کے ساتھ ریاضی کے ماڈیول کے سلسلے میں درج ذیل سوالات کے جوابات تیار کریں۔

سوال نمبر 1: ماڈیول کی ساخت کیا ہے؟ (کیا ماڈیول کسی ایک جماعت کے اساتذہ کے لئے یا ایک جماعت کی کتاب کے متعلق تیار کیا گیا ہے؟)

سوال نمبر 2: اس میں اساتذہ کی تربیت کے لئے اے ڈی او کی مدد کے حوالے سے کیا مواد شامل ہے؟

سوال نمبر 3: سرکل اے ڈی او اسے کب اور کیسے استعمال کرے گا؟

پس منظر کی معلومات

ریاضی کے ماڈیول کی ساخت:

ماڈیول میں پرائمری کی تمام جماعتوں میں پڑھائے جانے والے اعداد اور کسور عام سے متعلق ریاضی کے تصورات وتفہیم شامل ہے۔ یہ ماڈیول کسی ایک درسی کتاب یا کسی ایک جماعت کے لئے مخصوص نہیں ہیں۔ اس لئے انھیں استعمال کرنے کے لئے متعلقہ تصورات کے حوالے سے ان کے متعلقہ صفحات پر تدریسی/تربیتی سرگرمیاں استعمال کی جائیں گی۔ یہ ماڈیول اس وقت تک قابل استعمال ہوں گے جب تک ان میں شامل تصورات/موضوعات کو پرائمری کی جماعتوں کی ریاضی کے نصاب سے نکال نہیں دیا جاتا۔

اساتذہ کی تربیت کے لئے اے ڈی او کی معاونت

ریاضی کے اس ماڈیول میں (اور باقی مضامین کے ماڈیول میں بھی) درج ذیل حصے ہیں جن سے سرکل اے ڈی او اساتذہ کی تربیت کے لئے رہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔

1. ماڈیول کے دو بڑے حصے

اول　ا)　ماڈیول کا تعارف

ب)　تدریسی سرگرمیوں میں شامل تصورات کی وضاحت

ج)　تدریسی سرگرمیوں کے استعمال کرنے کے لئے تدریسی مشورے

دوم　ا)　اعداد (1 تا 9 اور صفر) اور ایک بلین تک

ب)　کسور عام کی تدریس کے لئے سرگرمیاں

2. ہر تدریسی سرگرمی میں درج ذیل معلومات شامل ہیں

ا)　تدریسی مقاصد

ب)　سرگرمی کے لئے مجوزہ معاونات

ج)　تدریس کا طریقہ کار

نوٹ کریں:

ماڈیول میں الگ الگ ابواب کو سرگرمی کا نام دیا گیا ہے اور ایک ایک تدریسی سرگرمی کو جس میں کسی ایک تصور کی تدریس کی گئی ہے، 'قدم' کا نام دیا گیا ہے۔ پہلا قدم/ دوسرا قدم وغیرہ۔ ہر سرگرمی کے ساتھ اس کا تدریسی وقت بھی دیا گیا ہے۔

سرکل اے ڈی او اسے کیسے استعمال کریں؟

خود سکول میں مشاہدہ کرنے کے بعد یا کسی اور ذریعہ سے (مثلاً اول مدرسین/ معاونین) یہ معلوم ہونے پر کہ سرکل میں بعض اساتذہ ریاضی (یا کسی اور مضمون) کے ایک دو تصورات کی مناسب تدریس نہیں کر سکتے۔ جب اے ڈی او ان کی تربیت کا فیصلہ کریں گے تو ماڈیول میں موجود اس تصور کی تدریسی سرگرمی کو اس تربیت کے لئے استعمال کریں گے۔ پرائمری کے نصاب کے سارے مضامین کے لئے الگ الگ اس طرح کے ماڈیول تیار کئے جائیں گے۔

چارٹ 1

فعال تعلم پر مبنی تدریسی سرگرمیاں

سرگرمی کی نوعیت	سرگرمی کا استعمال
1. ساتھی کے ساتھ کام کرنا	1. آئیں معلوم کریں (سائنس) 2. آئیں پہاڑے سیکھیں (ریاضی)
2. گروپ ورک	1. غذائی زنجیر بنائیں (سائنس) 2. چیزوں کی پیمائش (ریاضی)
3. تصویر پر بات چیت	1. تصویر پر بات چیت سے متن کی تفہیم (سائنس) 2. تصویر پر بات چیت سے لسانی مہارتیں سیکھنا (اردو)

یونٹ نمبر: 7
تربیتی ماڈیول کا استعمال
(فعال تعلم پر مبنی تدریسی سرگرمیاں)
تیسرا دن

مقاصد: اس یونٹ کی تدریس کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اساتذہ کی تربیت کے لئے اس تربیتی ماڈیول کا استعمال سیکھ سکیں۔
- اس کی تربیتی سرگرمیوں کو روبہ عمل لاسکیں۔
- فعال تعلم کی چند تدریسی سرگرمیوں پر کام کرنے میں اساتذہ کی رہنمائی کرسکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ تربیتی ماڈیول (فعال تعلم پر مبنی چند سرگرمیاں)

تعارف:

ہم نے پچھلے یونٹ میں اساتذہ کی تربیت کے سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں سے آگاہی حاصل کی ہے اس یونٹ میں تربیتی ماڈیول(1) کو اساتذہ کی تربیت کے لئے استعمال کرنے اور انھیں فعال تعلم کی بعض تدریسی سرگرمیوں کے استعمال میں تربیت دینے کا کام سیکھیں گے۔

ماڈیول کا استعمال (فعال تعلم / تدریسی سرگرمیاں)

سرگرمی نمبر 1: (سرگرمیوں کی تربیت) (2 گھنٹے)

1 پچھلے صفحے پر دیئے گئے چارٹ نمبر 1 میں دی گئی سرگرمیوں کی فہرست تختہ سیاہ پر لکھیے۔
2 شرکاء سے ہر سرگرمی کے بارے میں باری باری سوال کیجیے۔ ''کون کون اس سرگرمی کو سیکھنا چاہے گا؟''
3 شرکاء کی رائے کے مطابق سرگرمیوں کی ایک ترجیحی فہرست تیار کیجیے۔
4 انھیں بتایئے کہ تربیت کار اس ترجیحی فہرست کی پہلی سرگرمی سے ان سرگرمیوں کی تربیت (مشق) شروع کریں گے اور باری باری 3 سرگرمیوں میں آپ کے سامنے تربیت دینے کا مظاہرہ کریں گے۔
5. انھیں بتائیں کہ بعد میں انھیں اسی طرح کا مظاہرہ کرنا ہے۔
6. انھیں ہدایت دیں کہ شرکاء کا ایک گروپ زیرِ تربیت اساتذہ کا کردار ادا کرے گا۔ باقی شرکاء مشاہدہ کریں گے اور یہ نوٹ کریں گے کہ وہ ان تربیتی سرگرمیوں کی تدریس کیسے کریں گے۔
7. مظاہراتی تدریس کے بعد مشاہدہ کرنے والے شرکاء پر اگر کسی سرگرمی کا کوئی حصہ/ اقدام واضح نہ ہو یا قابلِ تشریح ہو تو اُس کی وضاحت کریں۔

☆ **نوٹ:**
اس تربیتی دن کے سیشن دوم میں چارٹ کی اگلی تین ترجیحی سرگرمیوں کا مظاہرہ اسی انداز سے کریں۔

ماڈیول کا استعمال (فعال تعلم / تدریسی سرگرمیاں)

سرگرمی نمبر 2: (2 گھنٹے)

1 شرکاء سے ایسے تین رضا کار خواتین و حضرات کا انتخاب کریں جو ماڈیول کی باقی تین سرگرمیوں کی تدریس کا مظاہرہ (مشق کرنے کے لئے) تیار ہوں۔
2 سرگرمی نمبر 1 کے طریق کار کے مطابق انھیں تدریس کی مشق کے مظاہرے کا باری باری موقع دیں۔
3. تدریس کی تیاری شرکاء اپنے اپنے گروپوں کے ساتھ مل کر کریں اور اسے فعال تعلم کے اصولوں کے مطابق تیار کریں۔
4. دونوں تربیت کار تیاری میں مدد دیں اور اس سلسلے میں خود متعلقہ ماڈیول میں ان کی سرگرمیوں کی تفصیل کے مطابق ان کی رہنمائی کریں۔
5. شرکاء کی تدریس کے اختتام پر تربیتی یوم کار کے اختتام سے پہلے شرکاء کی توجہ اس بات پر دلائیں کہ کل ریاضی کے ماڈیول پر اسی طرح کی تدریسی سرگرمیاں کی جائیں گی۔

چارٹ نمبر 2
اعداد اور کسور عام (ریاضی)

ا: اعداد کے متعلق تصورات

1. اعداد 1 تا 9 کی تدریس
2. 10 سے 100 تک اعداد/ دہائی کا تصور
3. اعداد میں اکائی/ دہائی کی شناخت
4. سینکڑے کا تصور
5. مقامی قیمت کا تصور
6. 101 سے دس ہزار تک کے اعداد سکھانا
7. ایک ارب تک اعداد/گنتی
8. دو اعداد کا موازنہ (چھوٹا عدد/ بڑا عدد)
9. چھوٹے بڑے کے تصور کے لئے ریاضی کی علامات
10. تین یا تین سے زیادہ اعداد کا موازنہ (چھوٹا/ بڑا عدد)
11. اعداد کی ترتیب صعودی اور نزولی

ب: کسورِ عام سے متعلق تصورات

1. کسر کیا ہے؟
2. کسور عام کا تصور آدھا، چوتھائی، وغیرہ
3. کسور میں شمار کنندہ اور مخرج کی پہچان
4. مترادف کسریں
5. کسروں کا موازنہ (بڑی/ چھوٹی) یکساں مخرج/شمار کنندہ
6. کسروں کا موازنہ (بڑی/ چھوٹی) مختلف مخرج/شمار کنندہ

یونٹ نمبر:8

تربیتی ماڈیول کا استعمال
(ریاضی ۔ اعداد اور کسور کے تصورات)

چوتھا دن

مقاصد: اس یونٹ کی تدریس کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اساتذہ کی تربیت کے لئے اس ماڈیول کا استعمال سیکھ سکیں۔
- اس کی تربیتی سرگرمیوں کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔
- ریاضی کی تدریس کے لئے اعداد اور کسور عام سے متعلق بعض بنیادی تصورات کا سکھانا سیکھ سکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:

☑ تربیتی ماڈیول 2 (اعداد اور کسور عام)

تعارف:

اس یونٹ میں ہم اعداد اور کسور عام کے بارے میں بعض بنیادی تصورات کا پڑھانا سیکھیں گے۔ آج کے تربیتی دن کے پہلے اور دوسرے سیشن میں بھی کل کی طرح ہم تربیت کار آپ کے سامنے مظاہراتی تدریس کریں گے۔ آخری سیشن میں آپ میں سے چند رضا کار یہ کام کریں گے۔ خیال رکھیے کہ وہی شرکاء سامنے نہ آئیں جو کل مظاہراتی تدریس کر چکے ہیں۔

سرگرمی نمبر 1: (حوالہ: چارٹ نمبر 2)	(پہلا سیشن)

تربیت کار نمبر 1 کل کے یونٹ 7 کی طرح تین سرگرمیوں کا انتخاب کر کے تدریس کا مظاہرہ کرے اور شرکاء کے سوالات کے جوابات / وضاحتیں دے۔

سرگرمی نمبر 2: (دوسرا سیشن)

تربیت کار نمبر 2 اگلی تین سرگرمیوں کا انتخاب کر کے اُن کی مجوزہ طریقے کے مطابق تدریس کرے۔

سرگرمی نمبر 3: (تیسرا سیشن)

کل کے آخری سیشن کی طرح شرکاء کا انتخاب کر کے اُن سے باری باری مشقی تدریس کروائیں۔

☆احتیاط فرمائیے:

ریاضی کے ماڈیول پر مبنی چارٹ میں سے اعداد کی سرگرمیوں میں سے صرف تین کا انتخاب کریں اس طرح یہ 3 سرگرمیوں کسور عام کے 6 تصورات کے ساتھ مل کر کل 9 تصورات ہوں گے جنھیں تین سیشن میں تین تین کر کے مظاہرہ اور مشق کی جا سکتی ہے۔ اگر وقت بچ جاتا ہے تو زیادہ اہم اور ترجیحی عنوانات کو ایک سے زیادہ شرکاء پڑھا سکتے ہیں۔

چارٹ 3
جان دار اور بے جان اشیاء (سائنس)

سرگرمی نمبر	سرگرمی میں شامل تصورات
1.	جان دار/ بے جان اشیاء میں فرق سکھانا
2.	جان دار/ بے جان اشیاء میں فرق سکھانا
3.	جان دار زندہ رہنے کے لئے کیا کیا ضروریات رکھتے ہیں؟
4.	جانوروں میں مشابہت اورفرق پودوں میں مشابہت اورفرق جانوروں اور پودوں میں مشابہت اورفرق
5.	جانوروں اور پودوں کے مسکن
6.	جانوروں/ پودوں کی اپنے ماحول سے مطابقت
7.	غذائی زنجیر
8.	ریڑھ کی ہڈی اور بغیر ریڑھ کی ہڈی والے جانور
9.	پیدا کار، استعمال کار اور تحلیل کنندگان
10.	جاندار اور بے جان اشیاء میں باہمی تعلق

یونٹ نمبر: 9
تربیتی ماڈیول 3 کا استعمال
(سائنس۔جاندار اور بے جان اشیاء)
پانچواں دن

مقاصد: اس یونٹ کی تدریس کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:
- اساتذہ کی تربیت کے لئے اس ماڈیول کا استعمال کر سکیں۔
- اس کی تربیتی سرگرمیوں کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔
- سائنس کے دو اہم تصورات 'جاندار اور بے جان اشیاء' کی موثر تدریس/تربیت سیکھ سکیں۔

سیشن کے لئے ضروری مواد:
☑ ماڈیول (جاندار اور بے جان اشیاء)

تعارف:

اس تربیت کا آخری ماڈیول سائنس کے تصورات 'جاندار اور بے جان اشیاء' میں اساتذہ کی تربیت اور راہنمائی سے متعلق ہے۔ ہمارے ہاں سائنس کی تدریس کے سلسلے میں بڑا مسئلہ یہ ہے کہ سائنس کو اردو کی پڑھائی کی مہارت کے طور پر پڑھایا جاتا ہے اور اساتذہ اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریوں سے اکثر آگاہ نہیں ہوتے۔ بطور سرکل اے ڈی او اس یونٹ کی تدریس آپ کو سائنس کی تربیت کی ضرورتوں اور طریق کار کو سمجھنے میں مدد دے گی تاکہ آپ اس مہارت کو اپنے سکولوں کے اساتذہ تک پہنچا سکیں۔

سرگرمی نمبر 1 :(حوالہ: چارٹ نمبر3)　　(پہلا سیشن)

تربیت کار نمبر 1 پہلے ماڈیول کی طرح اس ماڈیول میں شامل تربیتی سرگرمیوں میں سے ایک کا انتخاب کر کے پڑھائے گا اور وہ سارے اقدامات کرے گا جو وہاں تجویز کیئے گئے تھے۔

سرگرمی نمبر 2:　　(پہلا سیشن)

شرکاء سے اگلی تین سرگرمیوں کا انتخاب کروا کر مشقی تدریس کرائی جائے۔ (ماڈیول 1 کا طریقہ کار)۔
اس بات کو یقینی بنائیں کہ چائے کے وقفے تک یہ کام ہر حال میں ختم ہو جائے۔

اگلی سطح کی تربیت کی تیاری

سرگرمی نمبر 3: (دوسرا سیشن)

شرکاء کی توجہ درج ذیل امور پر دلوائیں۔

1. آپ نے اس تربیت میں تین ماڈیولز کی تدریس کا جو کام تین دنوں میں پڑھا ہے وہ اگلی سطح پر آپ بھی سرکل اے ڈی او کی تربیت کے لئے ہو بہو اسی طرح استعمال میں لائیں گے۔
2. مگر سرکل اے ڈی او اپنے سکولوں کے اساتذہ کی تربیت کے لئے ان تین ماڈیولز (تین چارٹوں پر دی گئی سرگرمیوں کو تفصیل سامنے رکھیے) کی تدریسی سرگرمیوں کو 5 دنوں میں کرائیں گے۔
3. سرکل اے ڈی او خواتین و حضرات کی اس سلسلے میں راہ نمائی کے لئے ان سرگرمیوں کی تدریس/ تربیت پر مبنی 5 دنوں کا تربیتی پروگرام اگلے صفحے سے شروع ہوتا ہے۔
4. اس پروگرام کی ایک نقل ایک چارٹ پر تیار کر کے تربیت کار نمایاں جگہ پر آویزاں کرے۔ (ایک ایک دن کا پروگرام)
5. سرکل اے ڈی او خواتین و حضرات اساتذہ کی تربیت کے سلسلے میں اس پروگرام پر حرف بہ حرف عمل درآمد کریں گے۔ تاہم وہ یہ نوٹ فرمائیں۔

☆ پروگرام کے مطابق تینوں چارٹ اپنے اپنے مجوزہ وقت پر تختہ سیاہ پر لکھیں۔
- اساتذہ سے ترجیحی فہرست تیار کرائیں۔
- دونوں تربیت کار پروگرام کے مطابق سرگرمیوں کی مظاہراتی تدریس کریں۔ اس سلسلے میں اپنی تربیت کی اُن سرگرمیوں کے اقدامات پر عمل کریں جو آپ کو یونٹ نمبر 7 (فعال تعلم) کی پہلی سرگرمی میں سکھائے گئے تھے۔
- اسی طرح جب دونوں تربیت کار پڑھا چکیں تو اساتذہ سے مشقی تدریس کے لئے رضا کار شرکاء کا انتخاب کریں اور ان کو مشقی تدریس کا موقعہ دیں۔

- مشقی تدریس کے لئے وہ عنوانات نہیں لئے جائیں گے جو آپ نے مظاہراتی تدریس میں پڑھائے ہیں۔

☆ یاد رکھیں اساتذہ کو ماڈیول کے سلسلے میں کچھ بھی نہیں بتایا جائے گا۔ اس لئے کہ ماڈیول اساتذہ کے لئے نہیں ہیں آپ کے لئے ہیں صرف چارٹوں سے شرکاء کی رائے کے مطابق ترجیحی فہرستیں تیار کر کے آپ مظاہرے کی تدریس بھی کریں گے اور آپ کے نمونے کے مطابق شرکاء بھی مشقی تدریس کریں گے۔

☆ شرکاء کی مشقی تدریس کی تیاری تربیت گاہ میں کرائی جائے گی۔ رضا کار اساتذہ کے گروپ کے ساتھ مل کر سبق تیار کریں گے جو رضا کار استاد پیش کرے گا۔

حصہ دوم

اساتذہ کی تربیت کے لئے رہنمائی

(برائے اے ڈی او خواتین و حضرات)

اے ڈی او خواتین و حضرات توجہ فرمائیں

مینول کے یونٹ 7 سے شروع کر کے آخر تک آپ کی تربیت کے لئے تیار کئے گئے ہیں اس سلسلے میں درج ذیل اہم امور نوٹ فرمائیں اور جب خود تربیت دینے لگیں تو انھیں سامنے رکھیں۔

1. آپ کو اساتذہ کی تربیت کی عملی تیاری 3 دنوں میں کرائی جائے گے۔یعنی تین ماڈیول کو تربیت کے لئے استعمال کرنے کا طریقہ 3 دنوں میں سکھایا جائے گا۔
2. مگر آپ اساتذہ کو یہ تربیت 5 دنوں میں کرائیں گے۔ جن کی تفصیلات ان 3 دنوں سے مختلف ہوں گی۔ اس کے لئے 5 دنوں کی تربیت کا ایک پروگرام بنا کر اس صفحے کے بعد شامل کیا جا رہا ہے۔
3. ان 5 دنوں میں آپ تین ماڈیولز میں شامل تمام تدریسی سرگرمیوں میں اساتذہ کی تربیت کریں گے۔ اس لئے تربیت کا پروگرام ایسے مرتب کیا گیا ہے کہ ہر ماڈیول میں شامل سرگرمیوں میں کچھ آپ دونوں تربیت کار کرائیں گے۔ اور کچھ زیر تربیت اساتذہ میں سے رضا کار اساتذہ کرائیں گے۔ اس طرح آپ کی مظاہراتی تدریس اور اساتذہ کی مشقی تدریس ہوگی۔
4. چونکہ اساتذہ کے پاس ماڈیول یا کوئی اور تربیتی موادنہیں ہوگا جس سے وہ مدد لے سکیں اس لئے ان کی مشقی تدریس کی تیاری بھی آپ کی ذمہ داری ہوگی اس کے لئے درج ذیل طریقہ کار اختیار کریں۔

ا: رضا کار اساتذہ کا انتخاب

ب: انھیں سرگرمی کی تفویض (برائے تیاری و تدریس)

ج: انھیں موقع دیں کہ وہ اپنے گروپ کے ساتھ مل کر مشقی تدریس کی تیاری کریں (اس کے لئے ان کے پاس وقت کافی ہوگا)

د: اس تیاری کے دوران دونوں تربیت کار تیاری کرنے والے گروپ (افراد) کے ساتھ بیٹھ کر ان کی مدد کریں گے اور اس مدد کے لئے آپ اپنے ماڈیول میں متعلقہ سرگرمی کی تفصیلات سامنے رکھ کر ان کو مشورہ دیں گے۔

ہ: ایک بہتر طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ ان کی تدریسی سرگرمی تحریری طور پر تیار کروا کر لیں اور اپنے ماڈیول میں دی گئی سرگرمی کی تفصیلات کے مطابق اس کی اصلاح کریں۔

5. شرکاء کی مشقی تدریس کا کام یونٹ 7 سرگرمی نمبر 2 سے شروع ہوگا۔

اساتذہ کی تربیت کا پروگرام

پہلا دن:

تربیت کار کا نام	صفحہ نمبر	عنوانات	سیشن/وقت	وقت
		• رجسٹریشن • اس تربیت کی ضرورت (تعارف) • تربیت میں شامل مہارتیں • فعال تعلم پر مبنی تدریسی سرگرمیوں کی مہارتیں (ترجیحی فہرست) • رضا کار شرکاء کا انتخاب	سیشن 1	08:00 - 10:00
		چائے کا وقفہ		10:00 - 10:30
		• ترجیحی فہرست کی تین سرگرمیوں کی مظاہراتی تدریس (تربیت کار)	سیشن 2	10:30 - 12:00
		• ترجیحی فہرست کی تین سرگرمیوں کی مشقی تدریس (شرکاء) • مشاورت/رہنمائی	سیشن 3	12:00 - 13:30

دوسرا دن:

تربیت کار کا نام	صفحہ نمبر	عنوانات	سیشن/وقت	وقت
		• اعداد اور کسور عام کے تصورات/مہارتیں (ریاضی) (ترجیحی فہرست کی تیاری) • رضا کار شرکاء کا انتخاب • ترجیحی فہرست کی دو سرگرمیوں کی تدریس (تربیت کار)	سیشن 1	08:00 - 10:00
		چائے کا وقفہ		10:00 - 10:30
		• ترجیحی فہرست کی دو سرگرمیوں کی تدریس (تربیت کار)	سیشن 2	10:30 - 11:30
		• مزید دو سرگرمیوں کی تدریس (تربیت کار) • شرکاء کو تفویضات • شرکاء کی مشقی تدریس کے لئے تیاری/معاونت (ریاضی کی 7 سرگرمیاں)	سیشن 3	11:30 - 13:30

تیسرا دن:

وقت	سیشن/وقت	عنوانات	صفحہ نمبر	تربیت کار کا نام
08:00 - 10:30	سیشن 1	• ریاضی کی تفویض شدہ 4 سرگرمیوں کی تدریس (شرکاء) • بحث/مشاورت/رہنمائی		
10:30 - 11:00		چائے کا وقفہ		
11:00 - 12:00	سیشن 2	تفویض شدہ مزید 3 سرگرمیوں کی مشقی تدریس (شرکاء)		
12:00 - 13:30	سیشن 3	• ریاضی کی باقی 4 سرگرمیوں کیلئے تفویض • مشقی تدریس کے لئے تیاری • سائنس کے تصورات/سرگرمیوں کے لئے ترجیحی فہرست کی تیاری		

چوتھا دن:

وقت	سیشن/وقت	عنوانات	صفحہ نمبر	تربیت کار کا نام
08:00 - 10:00	سیشن 1	• ریاضی کی 4 سرگرمیوں کی مشقی تدریس (شرکاء)		
10:00 - 10:30		چائے کا وقفہ		
10:30 - 12:00	سیشن 2	• سائنس کی 3 سرگرمیوں کی مظاہراتی تدریس (تربیت کار) • سائنس کی مشقی تدریس کے لئے تفویضات اور تیاری		
12:00 - 13:30	سیشن 3	• سائنس کی 3 سرگرمیوں کی مظاہراتی تدریس • مشقی تدریس کی تیاری کا بقیہ کام		

پانچواں دن:

وقت	سیشن/وقت	عنوانات	صفحہ نمبر	تربیت کار کا نام
08:00 - 10:00	سیشن 1	• 3 سائنسی سرگرمیوں کی مشقی تدریس • مشاورت/رہنمائی		
10:00 - 10:30		چائے کا وقفہ		
10:30 - 12:00	سیشن 2	• سائنسی سرگرمیوں کی مشقی تدریس (شرکاء) • مشاورت/ رہنمائی • جائزہ • خدا حافظ		

تربیت کا نیا دور - ایک تعارف

نوٹ: سرکل اے ڈی او خواتین و حضرات اساتذہ کی تربیت کے پہلے دن ان کی رجسٹریشن اور آغاز کار کے بعد درج ذیل خیالات پر مبنی اس تربیت کا تعارف شرکاء کے سامنے پیش کریں گے۔ اس تعارف کو نکات کی صورت میں اس لئے پیش کیا جا رہا ہے کہ آپ کو اس کی تفصیلات خود بیان کرنے کا موقع دیا جائے یہ تفصیلات آپ اس تربیت کے اپنے تجربے کی بنیاد پر بیان کریں گے۔

مگر یہ خیال رہے کہ آپ کے اس تعارف میں ماڈیول کا کہیں ذکر نہ آنے پائے

1. گزشتہ چند سالوں میں اساتذہ کو کچی سے لے کر پانچویں جماعت تک کے نصاب اور کتب کے استعمال میں تربیت کے علاوہ انھیں فعال تعلم کے مطابق تدریس کرنے کے سلسلے میں بھی تربیت دی گئی۔
2. گزشتہ سال سے اب تک تربیت کا کام ضلعی حکومتوں کے توسط سے ہو رہا ہے اور سرکل آفس اور سرکل اے ڈی او براہ راست اس تربیت کے کام کے لئے ذمہ دار بھی ہیں اور متحرک بھی۔ اس لئے کہ سکولوں میں تعلیمی حالت کو بہتر بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔
3. چنانچہ اس سال سے شروع ہو کر آنے والے سالوں میں اساتذہ کو ان کی پرائمری کلاس روم میں مختلف جماعتوں اور مضامین کے تدریس کے سلسلے میں پیش آنے والی مشکلات کے حل کے لئے مقامی سطح پر تربیت کا اہتمام کیا جائے گا۔
4. یہ تربیت سرکل کے تمام اساتذہ کے لئے بھی ہو سکتی ہے (جیسے اس سال ہو رہا ہے) اور چند اساتذہ کے لئے بھی جنھیں کچھ مضامین کے کچھ تصورات کی تدریس میں مشکل پیش آ رہی ہو۔
5. اس سال کے لئے تربیت کے تین بڑے بڑے موضوعات کا انتخاب کیا گیا ہے۔
   i. فعال تعلم کی بعض تدریسی سرگرمیاں
   ii. ریاضی کی تدریس میں اعداد اور کسور سکھانے کی مہارتیں
   iii. سائنس میں جاندار اور بے جان اشیاء سے متعلق تصورات پڑھانے کی مہارتیں
6. ہم آج اور اگلے 4 دنوں میں روزانہ ان مہارتوں کے سیکھنے میں گزاریں گے۔ طریقہ کار یہ ہوگا کہ ہم دو تربیت کار ان موضوعات سے متعلق کچھ سرگرمیاں خود آپ کے سامنے پیش کریں گے اور بعض تدریسی سرگرمیاں آپ کو تیار کر کے پیش کرنی ہوں گی۔ اس کے لئے آپ کو اس تربیت گاہ میں تیاری کروائی جائے گی۔
7. ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ ان موضوعات سے متعلق تدریسی سرگرمیوں میں پوری دلچسپی اور ذمہ داری سے حصہ لیں تاکہ آپ کے کلاس روم میں بچوں کی تدریس اور تعلم کا ماحول زیادہ سے زیادہ معیاری بنایا جا سکے۔